دیکھ بھال اور موقع فراہم کرنے کا منصوبہ

خبر کی ترسیل

28 مارچ، 2018

موقع اور دیکھ بھال کی ترسیل کا منصوبہ

صحت کی دیکھ بھال، بچوں کی دیکھ بھال اور ذہنی صحت کے لیئے اون ٹیریو میں سرمایہ کاری کا جاری رکھنا

آج حکومت نے ۲۰۱۸ کا میزانیہ جاری کیا ہے جس میں صحت کی دیکھ بھال، بچوں کی دیکھ بھال، گھرکی دیکھ بھال اور ذہنی صحت کے لیئے قابل ذکر نئی سرمایہ کاری شامل ہے۔ اور پورے صوبے کے لوگوں کے لئے نوکریوں کے زیادہ مواقع کے لیے نئے اقدامات اٹھائے ہیں یہ بجٹ تیزی سے وقوع پذیر معاشی تبدیلی کے دور میں زندگی کو زیادہ قابل استطاعت اور زیادہ معاشی تحفظ فراہم کرنے کے لیئے پہل کرنے پربھی توجہ دیتا ہے۔

اون ٹیریو کی معیشت مضبوط تر ہو رہی ہے اور شرح بیروزگاری تقریباً دو دہائیوں میں کم ترین سطح پر ہے۔ تاہم، روزمرہ کے بڑھتے ہوئے اخراجات کے درمیان پختہ اور طویل مد تی ملازمتوں کا حصول بہت مشکل ہو رہا ہے جس سے بہت سے لوگوں کو اپنی اور اپنے گھر والوں کی دیکھ بھال میں دقت پیش آ رہی ہے۔ چونکہ بدلتی ہوئی معیشت ہمارے معاشرے کے بیچوں بیچ خلا بڑھا رہی ہے، حکومت کا منصوبہ ہے کہ صوبے میں ہر ایک کو دیکھ بھال اور اچھے مواقع فراہم کر کے جس کی انہیں آگے بڑھنے کے لیے ضرورت ہے ایک زیادہ منصفانہ اور بہتر اون ٹاریو کی تعمیر کی جائے

وزیر خزانہ نے آج مقننہ میں میزانیہ متعارف کروایا ہے۔ اگر منظور ہو گیا تو، اون ٹیریو پینسٹھ برس یا اس سے زائد عمر والوں کے لیئے او ایچ آئی پی پلس کی مد میں دی جانے والی نسخے والی مفت ادویات کی حد کو مزید بڑھائے گا ذہنی صحت کے لیئے دیکھ بھال اور منشئات کی خدمات کو بہتر کیا جائے گا اور ڈھائی سال کے بچے جو قبل از مدرسہ عمر کے ہیں ان کی مفت دیکھ بھال کا آغاز کیا جائے گا تاوقتیکہ وہ ابتدائی مدرسے میں جانے کے قابل نہیں ہو جاتے

دیکھ بھال میں سرمایہ کاری

وہ افراد اور خاندان جو بڑھتا ہوا دباو محسوس کررہے ہیں اونٹیریوانھیں کم کرنے میں مدد کر رہا ہے اور ان کے عزیزوں کی دیکھ بھال کے لیے ہر موقع مہیا کررہا ہے۔

- بزرگوں کے لیےایک نیا سینیرز ہیلتھی ہوم پروگرام متعارف کروانا۔ یہ عمر رسیدہ لوگوں کے گھر میں رہنے کے اخراجات سے منسلک ہے، جہاں وہ رہنا چاہتے ہیں۔ یہ انہیں ۷۵۰ ڈالر تک کا فائدہ فراہم کرے گا ۷۵ سال اور اس سے زیادہ تک کے عمر رسیدہ گھر والوں کے لیے تاکہ انہیں آزادی سے رہنے اور انکے گھروں کو برقرار رکھنے کے اخراجات میں مدد دی جائے۔
- نیو اونٹیریو ڈرگ اور ڈینٹل پروگرام کو متعارف کروانا، ۸۰ فیصد واپس کرنا زیادہ سے زیادہ ۴۰۰ ڈالرتک ایک فرد کے لیے، ۶۰۰ ڈالر فی جوڑا اور ۵۰ ڈالرفی بچہ۔۔ ہر سال منظور شدہ نسخے والی ادویہ اور دانتوں کے اخراجات، ان کے لیے جنھیں اوہپ پلس یا کام کرنے والی جگہ پر صحت سے متعلق فوائد حاصل نہیں ہیں۔
- ڈھائی سال کے قبل از مدرسہ بچوں کے لیے ابتدائی مدرسہ کی اہلیت تک مفت دیکھ بھال اور مزید انتخاب مہیا کرنا ،یہ اوسطا" ایک بچے والے خاندان کے لیے ۱۷،۰۰۰ ڈالروں کی بچت ہے اور پور ے دن کے ابتدائی مدرسہ کی بچت پر مستقبل تعمیر کر سکتے ہیں۔ ابتدائی تعلیم سے زندگی بھر بچوں کی تعلیمی کارکردگی میں بہتری لانا ثابت ہوا ہے۔

- نشہ آور عادات اوردماغی صحت کی دیکھ بھال کے لیےسینکڑوں ہزاروں مزید بچوں، نوجوانوں اور بالغوں کے لیے پورے اونٹیریو میں ۲.۱ بلین ڈالر چار سالوں میں مزید سرمایہ کاری کرنے سے بہتر اور تیز رو رسائی فراہم کرنا۔۔۔ مکمل چار سالوں میں ۱۷ بلین سے زیادہ تک تمام فنڈنگ کرنا۔

- دیکھ بھال کےلیے بہتر رسائی مہیا کرنا، انتظار کا وقت کم کرنا اور گنجائش کے مسائل سے نبٹنے کے لیےاس سال اونٹیریوکی بڑھتی ہوئی اور معمر آبادی کی ضروریات سے نبٹنے کے لیے سال ۲۰۱۸-۱۹ میں ۸۲۲ ملین ڈالر کی مزید سرمایہ کاری کر کے اسپتنا لوں کو بہتر بنانا جو کہ تقریباً گذ شتہ دس برسوں میں اسپتالوں میں سب سے بڑی واحد سرکاری سرمایہ کاری ہے اور صوبہ آنے والے دس برسوں میں اسپال تعمیر کرنے اور ان کی مرمت کرنے میں تقریبا" ۱۹ بلین ڈالر کی سرمایہ کاری بھی کر رہا ہے تاکہ لوگوں کو مزید اور تیز تر صحت کی دیکھ بھال مل سکے

- آئندہ دس سالوں میں نئے لمبے عرصے کےلیے دیکھ بھال کے ۳۰،۰۰۰ بستر مہیا کرنا اور 2022 تک 5000 بستروں کا اضافہ کرنا تاکہ وہ لوگ جو مزید خود مختارانہ طور پر نہیں جی سکتے ان کی مدد ہو سکے اور ان کی دیکھ بھال کرنے والوں کو ذہنی سکون مل سکے ۔۔ یہ نئے بستر پہلے سے موجود 30000 ہزار بستروں کے علاوہ ہیں جن کی دوبارہ تزئین کی جا رہی ہے

- ۱.۸ بلین کی سرمایہ کاری سے منصفانہ سوسائیٹی اور چناو اور آزادی بڑہانا، ان ۴۷،۰۰۰نشوو نمائی معذور بالغان کی خدمات اورقوائد و ضوابط پر توجہ دینے کے بجائے لوگوں پر توجہ دینے کے لیے سماجی امدادی نظام کو بہتر بنانا۔

زندگی کو مزید قابل استطاعت بنانا

خاندان بڑھتے ہویے دباو کا سامنا کر رہے ہیں۔۔ خواہ وہ ملازمت پر ہوں یا اپنے سفر پر ہوں یا انکے بٹوے سے متعلقہ ہو۔۔ اور یہ لوگوں کی زندگیوں اور اپنے عزیزوں کی دیکھ بھال کی اہلیت پر گہرا اثر ڈال رہا ہے۔ اونٹیریو تیزی سے بڑھتی ہوئی معیشت کے دوران مالی تحفظ فراہم کرنے اور زندگی کو مزید قابل استطاعت بنانے کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔

- ٦۵سال سے زیادہ تمام کیلئےاوہپ پلس کے ذریعے نسخوں کا کلیتا مفت کرنا،اوسطا ہر سال ہر شخص کیلیے تقریبا ۲۴۰ ڈالر کی بچت بذریعہ، اونٹاریو ڈرگ بینیفٹ کٹوتی اور باہمی ادایگی کو ختم کرنا ہے۔ ۲۵ سے کم عمر کے تمام لوگوں کیلئے ۲۰۱۷ کے انٹاریو بجٹ میں مفت نسخہ جات مفت فراہم کرنے کے مطابق ہے۔

- جولائی ۱، ۲۰۱۷ سے عوامی نقل و حرکت کیلئے ٹیکس کی چھوٹ سے بزرگوں کیلئے سالانہ ۴۵۰ ڈالر کی بچت ہوگی۔اور ایک عام مسافر کو گو اور یو پی کے تیز رفتارنیٹ ورک اور ٹی ٹی سی کے باہم تبادلے سے سالانہ تقریباً 720 ڈالر سفر کی مد میں بچیں گے

- جولائی ۱، ۲۰۱۷ سے بجلی کا رہائشی بل ۲۵ فیصد تک کم کرکےاور، ۴۰ یا ۵۰ فیصد تک اہل دیہاتی اور کم آمدن والے خاندانوں کے لیے۔

لوگوں کے لیے موقع فراہم کرنا

اس بدلتی ہوئی معیشت میں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ صوبہ رہنے کے لیئے ، کام کرنے کے لیئے اور کاروبار کے لیئے بہترین جگہ رہے اونٹاریو مطابقت پیدا کرنے اور ترقی کی منازل طے کرنے لوگوں کی مدد کر رہا ہے اس کے لیئے یہ کاروائیاں کی جا رہی ہیں

- تمام عمر کے ۲۲۵،۰۰ سے زیادہ طلبا کیلئے کالج اور یونیورسٹی کی فیس مفت بنانا، مفت فیس مختلف خاندانی امدنیوں کیلئے دستیاب ہے، یہاں تک کہ جو ۹۰،۰۰ ڈالر تک کماتے ہوں ، اور ان خاندانوں کے طلبا جن کی امدنی ۱۷۵،۰۰ہزار ڈالر تک ہے، اس مخیرانہ امداد کے مستحق ہیں۔

- پوسٹ سیکنڈری تعلیم کے ایسے پروگرام بڑھانا جو تین سال کے عرصہ میں ۱۳۴ ملین ڈالر مہیا کرکے طلبا کو اچھی ملازمتوں کیلئے تیار کریں تاکہ وہ

طلبا اور اجروں کی بڑھتی ہوئی ضروریات پر پورا اتر سکیں۔۔ مقامی اجروں کی ساتھ ساجھے داری کو مضبوط بنانا، زیادہ لچکدار اور تجرباتی تعلیم مہیا کرنا، اور سائنس، ٹیکنولوجی، انجنیرنگ اور ریاضی(ایس ٹی ای ایم) کے فارغل تحصیل طلبا کی تعداد میں 25٪ اضافہ کر کے سالنہ چالیس ہزار سے پچاس ہزار کرنا

- ۷۰،۰۰۰ سے زیادہ ملازمتیں پیدا کرنےاور ان کو قائم رکھنے کے لیئے کیلئے منصوبہ بنانا، اگلے دس سال ۹۰۰ ملین ڈالر زیادہ دینے سے جابز اور پراسپیریٹی فنڈ کے ذریعے تجدید کرنا اور پھیلانا۔
- انٹاریو کے کاروباروں، طلبا، اور فارغ لتحصیل کی مدد کیلئے گڈ جابز اور گروتھ پلان کے ذریعے سے تین سال کے عرصہ میں ۹۳۵ ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کرنا، تاکہ اانٹاریو کے کاروباروں، طلاب اور فارغ ا لتحصیل طلاب کی مدد ہو سکے اور اچھی اور بہتر آمدنی والی نوکریوں کے حصول میں مدد مل سکے
- جنسی فرق کی بنیاد پر اجرت خلا کو پاٹنے کیلئے سبھی کیلئے کام کرنے والی جگہوں کو منصفانہ بنانا۔ اور ملازمت دینے کے عمل کی شفافیت بڑھانا بذریعہ مجوزہ قانون سازی ، جو اگر منظور ہو گیا تو تمام عوامی مشتہر ملازمتوں میں تنخواہ کا ریٹ اور یا تنخواہ کی درجہ بندی کا شامل کرنا شامل ہو گا۔
- طویل مدت سے منتظر اونٹاریو کے 1.2 ملین لوگوں کو تمام انٹاریو میں کم از کم اجرت بڑھا کر، جنوری ۱، ۲۰۱۸ سے فی گھنٹہ اجرت ۱۴ ڈالر اور جنوری ۱، ۲۰۱۹ سے فی گھنٹہ اجرت ۱۵ ڈالر کر کے یہ اضافہ فراہم کیا جائے گا

اس صوبے نے کساد بازاری سے اب تک ہر سال مالی اہداف کو پورا یا اس سے بڑھ کر کیا ہے اور ۱۸—۲۰۱۷ میں فاضل بجٹ کی پیش گویئ کی ہے۔ اس صوبہ میں ان دیکھ بھال اور خدمات جن پر لوگ بھروسہ کرتے ہیں، ۱۹ ،۲۰۱۸ سے شروع ہو کر انٹاریو میں زیادہ سرمایہ کاری کو منتخب کیا ہے۔ نتیجتا اس صوبہ میں ،جی ڈی پی کے ۱ فیصد سے بھی کم معمولی سےخسارے ہو نگے۔ صوبے کا مالی لمبا متاثر کن ریکارڈ پر تعمیر جاری ہے جسکا اس بجٹ میں ۲۵، ۲۰۲۴ تک متوازن کرنے کا ذکر کیا گیا ہے۔

قول

اونٹاریو کی معیشت مضبوط تر ہوتی جا رہی ہے ، کاروبار ریکارڈ تعداد میں نوکریاں دے رہے ہیں اور اونٹاریو میں بےروزگاری کی شرح گذشتہ دو دہائیوں میں پست ترین سطح پر ہے- ہمارا میزانیہ متوازن ہے- ہمارے پاس 600 ملین فاضل ہیں- اب ہم اپنی اس مستحکم مالی حالت کا فائدہ اٹھاتے ہوۓ صوبہ بھر میں خاندان کی زندگی مزید قابل استطاعت بنانے اور کاروبار کے نئے موقع پیدا کرنے کے لیئے استعمال کررہے ہیں- 2018 کا میزانیہ مزید خاندانوں کو آگے بڑھنے میں مدد دینے کے لیئے خفظان صحت، بچوں کی دیکھ بھال اور بزرگوں کی دیکھ بھال کے لیئے نئی سرمایہ کاری شامل کر رہا ہے-

------ وزیر خزانہ چارلس

فوری حقایق

- انٹاریو کے لوگ جن اہم مقامی خدمات پر انحصار کرتے ہیں انکی مدد کیلئے حکومت اگلے تین سالوں میں ۳ ، ۲۰ بلین ڈالر کی نئی سرمایہ کاری منتخب کر رہی ہے، ایسی سرگرمیوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے جیسے حفظان صحت، تعلیم، بچوں کی دیکھ بھال عمر رسید گان، سماجی خدمات، معیشت کو بڑھانا، اور ملازمتیں پیدا کرنا۔
- کساد بازاری سے لیےکر ، انٹاریو کی معیشت میں ۸۰۰،۰۰۰ نئ ملازمتیں بڑھی ہیں۔ خصوصا بیروزگاری فروری ۲۰۱۸ میں سترہ سال میں باقاعدگی سے کم ہوئی ہے، اور ۳۴ متصل مہینوں تک قومی أوسط سے کم رہی ہے۔
- ۲۰۱۴ سے لیکر انٹریو کی معیشت کینیڈا اور جی ۷ سے زیادہ بڑھی ہے۔

مزید ذرائع

کا اونٹیریو کا بجٹ پڑہیں: اے پلان فور کئرایئنڈ اوپرچونٹی2018

- حکومت کے منصوبہ کے متعلق مزید وضاحتوں کیلئے حقائق-پلندہ پڑھیں:
- انٹاریو بجٹ ۲۰۱۸ : ۱۰ شہ سرخیاں
- ہر شخص کی زندگی کو قابل استطاعت بنانا
- مزید بچوں کا تحفظ ، مزید انتخاب

Ontario

- عمر رسیدہ لوگوں کیلئے تحفظ
- حفظان صحت کیلئے تیز تر اور بہتر رسائی
- تحفظ کیلئے ایک منصوبہ
- نٹاریو کی تقابلی حیثیت بڑھانا اور اچھی ملازمتیں پیدا کرنا
- انٹاریو کا معاشی اور مالی محور

For Media Inquiries Only:

Jessica Martin, Minister’s Office
jessica.martin@ontario.ca, 416-212-5181

Scott Blodgett, Ministry of Finance
scott.blodgett@ontario.ca, 416-325-0324

ontario.ca/finance

Disponible en français